یسعیاہ نبی کی نُبُوّتیں خُداوند کے خادِم کے بارے میں جو یِسُوع مسِیح میں پوری ہوتی ہیں۔

یسعیاہ ۴۲ : ۱۔ ۱۲		
۱ دیکھو میرا خادِم جسکو مَیں سنبھالتا ہُوں۔ میرا برگُزیدہ جس سے میرا دِل خُوش ہے مِیں نے اپنی رُوح اُس پر ڈالی۔ وہ قَوموں میں عدالت جاری کریگا۔ ۲ وہ نہ چلاّئیگا اور نہ شور کریگا اور نہ بازاروں میں اُسکی آواز سُنائی دیگی۔ ۳ وہ مسلے ہُوئے سرکنڈے کو نہ توڑیگا اور ٹمٹماتی بتّی کو نہ بُجھائیگا۔ وہ راستی سے عدالت کریگا۔ ۴ وہ ماندہ نہ ہوگا اور ہمّت نہ ہاریگا جب تک کہ عدالت کو زمین پر قائم نہ کرے۔ جزیرے اُسکی شرِیعت کا اِنتظار کرینگے۔	متی ۳:۱۷؛ ۱۲:۱۸ تا ۲۱ لُوقا ۳:۲۲؛ ۹:۳۵؛ ۲۳:۳۵	خُدا باپ اپنے خادِم مسِیح متی ۳:۱۷ میں پیش کرتا ہے اور یسعیاہ ۴۲:۱ اور زبوّر ۲:۷ مِلاتا ہے۔ مسِیح خدا کے روح کے ساتھ مسح کیا گیا ہے۔ مسیح خُدا کی شرِیعت یروشلیِم سے پوری دُنیا میں جاری کریگا۔ وہ حلیمی اور فروتنی کے ساتھ خدمت کریگا۔ وہ کمزور لوگوں کی مدد کریگا۔ ساری مشکلات کے باوجُود مسیح کامیاب ہوگا۔ پُوری دنیا مسیح کی تعلِیم قبول کریگی۔
۵ جس نے آسمان کو پَیدا کیا اور تان دِیا۔ جس نے زمین کو اور اُنکو جو اُس میں سے نکلتے ہیں پَھیلایا۔ جو اُسکی باشِندوں کو سانس اور اُس پر چلنے والوں کو رُوح عِنایت کرتا ہے یعنی خُداوند خُدا یُوں فرماتاہ ہے۔	اعمال ۱۷:۲۴ تا ۲۵	
۶ میں خُداوند نے تُجھے صداقت سے بُلایا۔ مَیں ہی تیرا ہاتھ پکڑُونگا اور تیری حِفاظت کرُونگا اور لوگوں کے عہد اور قَوموں کے نُور کے لِئے تُجھے دُونگا۔ ۷ کہ تُو اندھوں کی آنکھیں کھولے اور اسِیروں کو قَید سے نِکالے اور اُنکو جو اندھیرے میں بَیٹھے ہیں قَید خانہ سے چُھڑائے۔ ۸ یہوواہ مَیں ہُوں۔ یِہی میرا نام ہے۔ مَیں اپنا جلال کِسی دُوسرے کے لئے اور اپنی حمد کھودی ہوئی مُورتوں کے لئے روا نہ رکھُّونگا۔	لُوقا ۲:۳۰ اور ۳۲ متی ۱۱:۵ لُوقا ۱:۷۹ اعمال ۲۶:۱۸ یُوحنّا ۸:۱۲	خدا مسیح کو راستبازی سے بُلائیگا۔ خُدا مسیح کی خاص راہنمائی اور حِفاظت کریگا۔ مسیح بذاتِ خُود اِسرائیل کا عہد اور دُنیا کا نور ہوگا۔ مسیح اندھوں کی آنکھیں کھولے گا اور اسِیروں کو قَید سے نِکالے گا۔
۹ دیکھو پُرانی باتیں پُوری ہو گئِیں اور میں نئی باتیں بتا تاہُوں۔ اِس سے پیشتر کہ واقع ہوں مَیں تُم سے بیان کرتاہُوں۔ ۱۰ اَے سمُندر پر گُذرنے والو اور اُس میں بسنے والو! اَے جزیرو اور اُنکے باشِند و خُداوند کے لِئے نیا گیت گاؤ۔ زمین پر سر تا سر اُسی کی سِتا یش کرو۔ ۱۱ بیابان اور اُسکی بستیاں۔ قِیدار کے آباد گاؤں اپنی آواز بلند کریں۔ سلَع کے بسنے والے گیت گائیں۔ پہاڑوں کی چوٹیوں پر سے للکاریں۔ ۱۲ وہ خُداوند کا جلال ظاہِر کریں اور جزیروں میں اُسکی ثنا خوانی کریں۔	اعمال ۳:۱۴ ۱ پطرس ۲:۹	یسعیاہ کی پورانی نبوّتیں پُوری ہو گئِیں اور اب وہ مسیح کے بارے میں نئی باتیں بتا تاہے۔ اِس کے جواب میں ساری دُنیا کو خُدا کی حمد کرنی چاہیے۔

یسعیا ۴۹:۱تا ۱۳
۱ اَے جزیرو میری سُنو! اَے اُمّتو جو دُور ہو کان لگاؤ!
خُداوند نے مُجھے رَحِم ہی سے بُلایا ۔
بطنِ مادر ہی سے اُس نے میرے نام کا ذِکر کِیا ۔
۲ اور اُس نے میرے مُنہ کو تیز تلوار کی مانند بنا یا
اور مُجھکو اپنے ہاتھ کے سا یہ تلے چھپا یا
اُس نے مجھے تیرِ آبدار کِیا
اور اپنے ترکش میں مُجھے چِھپا رکّھا۔
۳ اور اُس نے مُجھ سے کہا
تُو میرا خادِم ہے ۔
تُجھ میں اَے اِسرائیل مَیں اپنا جلال ظاہِر کرُونگا۔
۴ تب مَیں نے کہا
مَیں نے بے فائدہ مشقّت اُٹھائی ۔
مَیں نے اپنی قُوت بے فائِدہ بطالت میں صرف کی
تَو بھی یقِیناً میرا حق خُداوند کے ساتھ
اور میرا اجر میرے خُدا کے پاس ہے۔
۵ چُونکہ مَیں خُداوند کی نظر میں جلِیلُ القدر ہُوں
اور وہ میری توانائی ہے
اِ سلئے وہ جِس نے مُجھے رَحِم ہی سے بنا یا
تاکہ اُسکا خادِم ہو کر یعقُوب کو اُسکے پاس واپس لاؤُں
اور اسرائیؔل کو اُسکے پاس جمع کرُوں
یُوں فرماتاہے۔
۶ ہاں خُداوند فرما تا ہے کہ
یہ تو ہلکی سی بات ہے
کہ تُو یعؔقُوب کے قبائِل کو برپا کرنے
اور محفُوظ اسرائیلیوں کو واپس لانے کے لئے میرا خادِم ہو
بلکہ مَیں تُجھکو قَوموں کے لئے نُور بناؤنگا
کہ تُجھ سے میری نجات زمین کے کناروں تک پُہنچے۔
۷ خُداوند اسرائیل کا فِدیہ دینے والا اور اُسکا قُدُّوس اُسکو
جِسے انسان حقِیر جانتاہے
اور جس سے قَوم کو نفرت ہے
اور جو حاکِموں کا چاکر ہے
یُوں فرما تا ہے کہ
باد شا ہ دیکھینگے اور اُٹھ کھڑے ہو نگے
اور اُمرا سِجدہ کرینگے ۔
خُداوند کے لئے
جو صادقُ القَول اور اسرائیؔل کا قُدُّوس ہے
جِس نے تُجھے بر گُزیدہ کیا ہے۔
۸ خُداوند یُوں فرما تا ہے کہ
مَیں نے قبوُلیت کے وقت تیری سُنی

گلَتیوں ۱۵:۱
اِفِسیوں ۱۲:۶
عبرانیوں ۱۲:۴
اعمال ۱۶:۱؛ ۱۲:۲؛ ۱۵:۱۹
فِلِپّیوں ۱۶:۲
لُوقا ۲۳:۲
اعمال ۸:۱؛ ۴۷:۱۳
مُکاشفه ۴:۷
۲ کُرنتھیوں ۲:۶

پوری دُنیا کو مسیح کا کلام سُننا ہے۔ خدا مسیح کو بطنِ مادر ہی سے نام لے کر بُلایگا۔ مسیح کا مُنہ اور کلام موت اور زندگی کے بارے میں فیَصلہ کریگا۔خُدا کی قُدرت مسیح کے وسیِلہ سے دُشمن پر غالِب آئیگی ۔

مسیح دوسرا اِسرائیل ہوگا بلکہ اِسرائیل کا نمائندہ۔ خُدا کا جلال مسیح کے وسیِلہ سے ظاہر ہوگا۔ مسیح کی خدمت بہت مُشکل ہوگی اور کافی دیر تک بےفائِدہ لگیگی۔ لیکن مسیح کا اجر بہت بڑا ہوگا:

اِسرائیل کی بحالی اُسکا چھوٹا حصه ہوگی

اور ساری اقوام کی نجات اُسکا بڑا حصه۔مسیح بذاتِ خُود اقوام کا نور ہے یعنی دُنیا کا مُنّجی۔

جِس طرح مسیح بہت حقِیر جانا گیا ہے

اُسی طرح اُسکی بادشاہی جلال بہت زیادہ بڑا ہوگا۔

خُدا نے مسیح کو چُنا۔

خُدا مسیح کی دُعا قبول کریگا۔

اور نجات کے دِن تیری مدد کی اور مَیں تیری حِفاظت کرُونگا اور لوگوں کے لئے تُجھے ایک عہد ٹھہراؤنگا تا کہ مُلک کو بحال کرے اور ویران میراث وارثوں کو دے۔ ۹ تا کہ تُو قَیدیوں کو کہے کہ نِکل چلو اور اُنکو جو اند ھیرے میں ہیں کہ اپنی آپ کو دکھلاؤ۔ وہ راستوں میں چرینگے اور سب ننگے ٹِیلے اُنکی چراگاہیں ہونگے۔ ۱۰ وہ نہ بُھوکے ہونگے نہ پیا سے اور نہ گرمی اور دُھوپ سے اُنکو ضرر پہُنچیگا کیونکہ وہ جسکی رحمت اُن پر ہے اُنکا رہنُما ہوگا اور پانی کے سوتوں کی طرف اُنکی رہبری کریگا۔ ۱۱ اور میں اپنی سارے کوہِستان کو ایک را ستہ بنا دُونگا اور میری شا ہراہیں اُونچی کی جائینگی۔ ۱۲ دیکھ یہ دُور سے اور یہ شِمال اور مغرِب سے اور یہ سِینِیم کے مُلک سے آئینگے۔ ۱۳ اَے آسمانو گاؤ! اَے زمین شادمان ہو! اَے پہاڑو نغمہ پر دازی کرو! کیونکہ خُداوند نے اپنے لوگوں کو تسلّی بخشی ہے اور اپنے رنجُوروں پر رحم فرما ئیگا۔	لُوقا ۲:۳۲ یُوحنّا ۷:۳۷ رُومیوں ۹:۱۶ مُکاشفہ ۷:۱۶ تا ۱۷ لُوقا ۱۳:۲۹ لُوقا ۲:۲۵ ۲ کُرنتھیوں ۷:۶ مُکاشفہ ۱۲:۱۲	مسیّح بذاتِ خُود اِسرائیل کا عہد ہوگا تا کہ وہ اِسرائیل کا ملک بحال کریگا اور اِسرائیلی قَیدیوں کو آزاد کریگا۔ مسیح کے وسیِلہ سے خُدا اپنی قوَم کا اچّھا چرواہا ہوگا اور ساری ضروریات پوری کریگا۔ زندگی کا پانی بھی مِلیگا یعنی خُدا کا روح۔ وہ اُنکو نئے یروشلیِم کی طرف لے جائیگا۔ اِس کے جواب میں ساری دُنیا کو خُدا کی حمد کرنی چاہیے کیونکہ خُدا مسیح کے وسیِلہ سے اپنی قوم پر رحم کریگا۔
یسعیا ۵۰ : ۴ - ۱۱ ۴ خُداوند خُدا نے مُجھکو شاگِرد کی زبان بخشی تا کہ مَیں جانُوں کہ کلام کے وسِیلہ سے کِس طرح تھکے ماندے کی مدد کروں ۔ وہ مُجھے ہر صُبح جگا تا ہے اور میرا کان لگا تا ہے تا کہ شاگِردوں کی طرح سُنوں۔ ۵ خُداوند خُدا نے میرے کان کھول دِئے اور مَیں باغی و بر گشتہ نہ ہُوا۔ ۶ میں نے اپنی پیٹھ پیٹنے والوں کے اور اپنی داڑھی نوچنے والوں کے حوالہ کی ۔ مَیں نے اپنا مُنہ رُسوائی اور تُھوک سے نہیں چھپا یا۔ ۷ پر خُداوند خُدا میری حِمایت کریگا اور اِسلِئے مَیں شرمِندہ نہ ہُونگا اور اِسی لِئے مَیں نے اپنا مُنہ سنگِ خارا کی مانِند بنا یا اور مُجھے یقِین ہے کہ مَیں شرمسار نہ ہُونگا۔ ۸ مُجھے راستباز ٹھہرانے والا نزدیک ہے ۔ کوَن مُجھ سے جھگڑا کریگا ؟ آؤ ہم آمنے سامنے کھڑے ہوں ۔	متی ۵:۳۹؛ ۲۶:۶۷؛ ۲۷:۳۰ مَرقُس ۱۰:۳۴ رومیوں ۸:۳۳	سب سے بڑا اُستاد یعنی مسیح خُدا کا ذاتی شاگِرد ہوگا۔ مسیِح نبی بھی ہوتے ہوئے خُدا کے کلام کے ذریعہ سے کمزور لوگوں کی مدد کریگا۔ مسیح اپنے خُدا کے ساتھ ہر روز انوکھی رفاقت رکھیگا کیونکہ خُدا اُسکو بیدار کرتا ہے۔ مسیح بڑی مُصِیبت میں بھی خُدا کا فرمانبردار ثابت ہوگا۔ مسیح کے دُشمن اُسکی پیِٹھ پیِٹیں گے اور اُسکی داڑھی نوچینگے اور اُسکے مُںہ پر تُھوکینگے۔ مسیح خُدا پر بھروسہ رکھتے ہوئے یہ دُکھ قبول کریگا۔ مسیح کی اُمید ہوگی کہ خُدا اُسکو آخر میں راستباز ٹھہرائیگا اور اُسکے دُشمنوں کو مُجرم ۔

میرا مُخالِف کَون ہے ؟ وہ میرے پاس آئے۔ ۹ دیکھو خُداوند خُدا میری حِمایت کریگا ۔ کَون مُجھے مُجرم ٹھہرائیگا ؟ دیکھ وہ سب کپڑے کی مانِند پُرانے ہوجائینگے ۔ اُنکو کیڑے کھا جائینگے۔ ۱۰ تُمھارے درمیان کَون ہے جو خُداوند سے ڈرتا اور اُسکے خادم کی باتیں سُنتا ہے ؟ جو اندھیرے میں چلتا اور روشنی نہیں پاتا۔ وہ خُداوند کے نام پر توکُل کرے اور اپنے خُدا پر بھروسا رکھّے۔ ۱۱ دیکھو تُم سب جو آگ سُلگاتے ہو اور اپنے آپ کو انگاروں سے گھیر لیتے ہو اپنی ہی آگ کے شُعلوں میں اور اپنے سُلگائے ہُوئے انگاروں میں چلو۔ تُم میرے ہاتھ سے یِہی پاؤگے ۔ تُم عذاب میں لیٹ رہو گے۔	عبرانیوں ۱:۱۱ ۱ پطرس ۳:۱۳	مسیح کے شاگِرد خُدا کے لوگ ہیں اور بھی آخر میں ساری مُشکلات کے باوجُود کامیاب ہونگے۔ لیکن مسیح کے دُشمان آخر میں ابدی عذاب میں رہیں گے اور اَیسے اپنے کاموں کا بدلہ پائینگے۔
یسعیا ۵۲:۱۳ تا ۵۳:۱۲ ۱۳ دیکھو میرا خادِم اقبالمند ہو گا ۔ وہ اعلٰی و برتر اور نہایت بلند ہو گا ۔ ۱۴ جِس طرح بہتیرے تُجھکو دیکھکر دنگ ہو گئے (اُسکا چِہرہ ہر ایک بشر سے زائد اور اُسکا جِسم بنی آدم سے زیادہ بِگڑ گیا تھا)۔ ۱۵ اُسی طرح وہ بہت سی قوموں کو پاک کریگا اور بادشاہ اُسکے سامنے خاموش ہونگے کیونکہ جو کُچھ اُن سے کہا نہ گیا تھا وہ دیکھینگے اور جو کُچھ اُنھوں نے سُنا نہ تھا وہ سمجھینگے۔ ۵۳ : ۱ ہمارے پَیغام پر کَون اِیمان لایا ؟ اور خُداوند کا بازُو کِس پر ظاہِر ہُؤا ؟ ۲ پر وہ اُسکے آگے کونپل کی طرح اور خُشک زمین سے جڑ کی مانِند پُھوٹ نِکلا ہے ۔ نہ اُسکی کوئی شکل و صورت ہے نہ خُوبصُورتی اور جب ہم اُس پر نِگاہ کریں تو کُچھ حُسن و جمال نہیں کہ ہم اُسکے مُشتاق ہوں۔ ۳ وہ آدمیوں میں حقِیر و مردُود ۔ مردِ غمناک اور رنج کا آشنا تھا ۔ لوگ اُس سے گویا رُوپوش تھے اُسکی تحقِیر کی گئی اور ہم نے اُسکی کُچھ قدر نہ جانی۔	یُوحنّا ۳:۱۴ اعمال ۳:۱۳ متّی ۱۳:۱۶ رومیوں ۱۵:۲۱ ۱ کُرِنتھیوں ۲:۹ لُوقا ۲۴:۲۵ یُوحنّا ۱۲:۳۸؛ رومیوں ۱۰:۱۶ مَرقُس ۹:۱۲ فِلپّیوں ۲:۷	مسیح کی سرفرازی انوکھی ہوگی۔ مسیح بہت جِسمانی دُکھ اُٹھائیگا۔ جِس طرح مسیح بہت حقِیر جانا گیا ہے اُسی طرح اُسکی بادشاہی جلال بہت زیادہ بڑا ہوگا۔ مسیح کاہِن ہوتے ہُوئے ساری قوموں کو پاک اور خُدا کے پاس لے جائگا جو پہلے خُدا سے دور ناواقِف تھیں۔ مسیح بہت جِسمانی دُکھ اُٹھائیگا۔ مسیح بہت حقِیر جانا جائیگا۔ بہت کم لوگ اُسکو پہلے پہچانینگے، اُنکا نمبر نہ ہونے کے برابر ہوگا۔

۴ توَبھی اُس نے ہماری مشقّتیں اُٹھا لِیں اور ہمارے غموں کو برداشت کِیا۔ پر ہم نے اُسے خُدا کا مارا کُوٹا اور ستایا ہُوا سمجھا۔ ۵ حالانکہ وہ ہماری خطاؤں کے سبب سے گھایل کِیا گیا اور ہمارے بد کرداری کے باعِث کُچلا گیا۔ ہماری ہی سلامتی کے لئے اُس پر سیاست ہُوئی تا کہ اُسکے مار کھانے سے ہم شِفا پائیں۔ ۶ ہم سب بھیڑوں کی مانِند بھٹک گئے۔ ہم میں سے ہر ایک اپنی راہ کو پِھرا پر خُداوند نے ہم سب کی بد کرداری اُس پر لادی۔	متّی ۸:۱۷ ۱ پطرس ۲:۲۴ ۱ یُوحنّا ۳:۵ رومیوں ۴:۲۵؛ ۵:۱؛ ۱ پطرس ۲:۲۴ ۱ کُرِنتھیوں ۱۵:۳ ۱ پطرس ۲:۲۵	مسیح اپنی جان اپنے لوگوں کے بدلے فِدیہ میں دیگا اور اُنکے گناہ اُٹھا لے جائیگا۔ اُنکی بیماریاں، کمزوریاں اور مَوت اُسکی ہوگی تاکہ وہ شِفا اور زندگی اور سلامتی پائیں۔
۷ وہ ستایا گیا توَبھی اُس نے برداشت کی اور مُنہ نہ کھولا۔ جس طرح برّہ جِسے ذبح کرنے کو لے جاتے ہیں اور جِس طرح بھیڑ اپنے بال کترنے والوں کے سامنے بے زبان ہے اُسی طرح وہ خاموش رہا۔	متّی ۲۷:۱۲؛ مرقُس ۱۴:۴۹ اور ۶۱؛ یُوح ۱:۲۹؛ اعمال ۵:۶ اور ۹؛ ۸:۳۲ تا	مسیح خُدا کا برّہ ہے جو سبھوں کا گُناہ اُٹھا لے جاتا ہے۔
۸ وہ ظُلم کرکے اور فتویٰ لگا کر اُسے لے گئے پر اُسکے زمانہ کے لوگوں میں سے کِس نے خیال کِیا کہ وہ زِندوں کی زمین سے کاٹ ڈالا گیا؟ میرے لوگوں کی خطاؤں کے سبب سے اُس پر مار پڑی۔	۱ کُرِنتھیوں ۱۵:۳	مسیح غلط فتویٰ کی وجہ سے قتل ہوگا۔
۹ اُسکی قبر بھی شرِیروں کے درمیان ٹھہرائی گئی اور وہ اپنی مَوت میں دَولتمندوں کے ساتھ ہُوا حالانکہ اُس نے کِسی طرح کا ظُلم نہ کِیا اور اُسکے مُنہ میں ہرگز چھل نہ تھا۔ ۱۰ لیکن خُداوند کو پسند آیا کہ اُسے کُچلے۔ اُس نے اُسے غمگین کِیا۔ جب اُسکی جان گُناہ کی قُربانی کے لِئے گُذرانی جائیگی تو وہ اپنی نسل کو دیکھیگا۔ اُسکی عُمر دراز ہو گی اور خُداوند کی مرضی اُسکے ہاتھ کے وسیلہ سے پُوری ہو گی۔ ۱۱ اپنی جان ہی کا دُکھ اُٹھا کر وہ اُسے دیکھیگا اور سیر ہو گا۔ اپنے ہی عِرفان سے میرا صادِق خادِم بہتوں کو راستباز ٹھہرائیگا کیونکہ وہ اُنکی بدکرداری خُود اُٹھا لیگا۔ ۱۲ اسلِئے مَیں اُسے بزُرگوں کے ساتھ حِصّہ دُونگا اور وہ لُوٹ کا مال زور آوروں کے ساتھ بانٹ لیگا کیونکہ اُس نے اپنی جان مَوت کے لِئے اُنڈیل دی اور وہ خطاکاروں کے ساتھ شُمار کِیا گیا توَبھی اُس نے بہتوں کے گُناہ اُٹھالِئے اور خطاکاروں کی شفاعت کی۔	۱ پطرس ۲:۲۲ ۱ یُوحنّا ۳:۵ اعمال ۱۴:۵ متّی ۲۰:۲۸ مرقُس ۱۰:۴۵ اعمال ۳:۱۳؛ رومیوں ۵:۱۹ فِلپّیوں ۲:۷؛ مرقس ۱۴:۲۴ رومیوں ۵:۱۵؛ ۱ یوحنّا ۳:۵ متّی ۱۲:۲۹؛ ۲۶:۲۸؛ ۲۷:۳۸ مرقس ۱۵:۲۷؛ لُوقا ۱۱:۲۲ لُوقا ۲۲:۳۷؛ ۲۳:۳۴؛ رومیوں ۴:۲۴؛ ۱ کُر ۱۵:۳ عبرانیوں ۹:۲۸؛ ۱ پط ۲:۲۴	مسیح اپنی جان اپنے لوگوں کے بدلے فِدیہ میں دیگا اور اُنکے گناہ اُٹھا لے جائیگا۔ دُشمن کا منصوبہ ہوگا کہ اُسکی قبر شرِیروں کے درمیان ہو لیکن وہ اپنی مَوت میں ایک دَولتمند کے ساتھ ہوگا کیونکہ اُسکے مُنہ میں ہرگز چھل نہ ہوگیا ہوگا۔ اُسکی جان گُناہ کی قُربانی کے لِئے گُذرانی جائیگی۔ مسیح پھر زندہ ہوگا اور ہمیشہ رہیگا۔ خُداوند کا ابدی منصوبہ مسیح کے ہاتھ کے وسِیلہ سے پُورا ہو گا۔ مسیح اپنے اجر سے سیر ہو گا۔ صادِق مسیح اپنے ہی عِرفان سے بہتوں کو مفت راستباز ٹھہرائیگا کیونکہ وہ اُنکی بدکرداری خُود اُٹھا لیگا۔ مسیح خطاکاروں کے ساتھ شُمار کِیا جائیگا۔ مسیح خطاکاروں کی شفاعت کریگا۔

۱	خُدا باپ اپنے خادِم مسِیح متی ۳:۱۷ میں پیش کرتا ہے اور یسعیاہ ۴۲:۱ اور زبّور ۲:۷ مِلاتا ہے۔	یسعیاہ ۴۲:۱تا ۱۲	متی ۳:۱۷؛ مرقس ۱:۱۱؛ لوقا ۲۲:۳
۲	مسِیح خدا کے روح کے ساتھ مسح کیا گیا ہے۔		متی ۳: ۱۷؛ مرق س ۱:۱۱؛
۳	مسِیح خُدا کی شرِیعت یروشلیِم سے پوری دُنیا میں جاری کریگا۔		لوقا ۲۴:۴۷
۴	وہ حلیمی اور فروتنی کے ساتھ خدمت کریگا۔		متی ۱۱:۲۸تا ۳۰
۵	وہ کمزور لوگوں کی مدد کریگا۔		
۶	ساری مشکلات کے باوجوُد مسِیح کامیاب ہوگا۔		عبرانیوں ۱۲:۲
۳	پوُری دنیا مسیح کی تعلِیم قبول کریگی۔		متی ۲۸:۱۸تا ۲۰؛ مُک ۵:۹
۷	خدا مسِیح کوراستبازی سے بُلائیگا۔		لوقا ۱:۳۲تا ۳۵
۸	خُدا مسیِح کی خاص راہنمائی اور حِفاظت کریگا۔		یوحنا ۵:۱۹تا ۲۰؛ ۹:۱۱
۹	مسیِح بذاتِ خوُد اِسرائیل کا عہد ہوگا۔		
۱۰	مسیِح بذاتِ خوُد دُنیا کا نور ہوگا۔		یوحنا ۸:۱۲
۱۱	مسیِح اندھوں کی آنکھیں کھولےگا		یوحنا ۹:۱تا ۷
۱۲	مسیِح اسِیروں کو قَید سے نِکالےگا۔		یوحنا ۸:۳۱تا ۳۶
۱۳	یسعیاہ کی پورانی نبوّتیں پوُری ہو گئِیں اور اب وہ مسیِح کے بارے میں نئی باتیں بتا تاہے۔		متی ۱۲:۱۵تا ۲۱
۱۴	اِس کے جواب میں ساری دُنیا کو خُدا کی حمد کرنی چاہیے۔		رومیوں ۱۵:۱۰تا ۱۲
۳	پوری دُنیا کو مسیِح کا کلام سُننا ہے۔	یسعیاہ ۴۹:۱تا ۱۳	متی ۲۸:۱۸تا ۲۰
۱۵	خدا مسیِح کو بطنِ مادر ہی سے نام لے کر بُلایگا۔		
۱۶	مسیِح کا مُنہ اور کلام موت اور زندگی کے بارے میں فیَصلہ کریگا۔		یوحنا ۱۲:۴۸
۱۷	خُدا کی قُدرت مسیِح کے وسیِلہ سے دُشمن پر غالِب آئیگی۔		یوح ۱۲:۳۱؛ متی ۱۲:۲۸ تا ۲۹
۱۸	مسیِح دوسرا اِسرائیل ہوگا بلکہ اِسرائیل کا نمائندہ۔		متی ۲:۱۵؛ ۲۱:۱
۱۹	خُدا کا جلال مسیِح کے وسیِلہ سے ظاہر ہوگا۔		۲ کُرنتھیوں ۴:۶؛ یوح ۱:۱۴
۶	مسیِح کی خدمت بہت مُشکل ہوگی اور کافی دیر تک بےفائِدہ لگیگی۔		مرقس ۸:۱۷تا ۲۱؛ ۱۴:۵۰
۲۰	لیکن مسیِح کا اجر بہت بڑا ہوگا:		فِلپیِوں ۲:۹تا ۱۱
۹	اِسرائیل کی بحالی اُسکا چھوٹا حصہ ہوگی		رومیوں ۱۱:۲۵تا ۲۶
۱۰	اور ساری اقوام کی نجات اُسکا بڑا حصہ۔		
۱۰	مسیِح بذاتِ خُود اقوام کا نور ہے یعنی دُنیا کا مُنّجی۔		یوحنا ۸:۱۲؛ ۴:۴۲
۲۱	جِس طرح مسیِح بہت حقِیر جانا گیا ہے		فِلپیِوں ۲:۷تا ۹
۲۲	اُسی طرح اُسکی بادشاہی جلال بہت زیادہ بڑا ہوگا۔		فِلپیِوں ۲:۹تا ۱۱
۲۳	خُدا نے مسیِح کو چُنا۔		متی ۱۲:۱۷تا ۱۸
۲۴	خدا مسیِح کی دُعا قبول کریگا۔		یوحنا ۱۱:۴۲
۹	مسیِح بذاتِ خُود اِسرائیل کا عہد ہوگا تاکہ وہ اِسرائیل کا ملک بحال کریگا اور اِسرائیلی قَیدیوں کو آزاد کریگا۔		متی ۲۶:۲۶تا ۲۸
۲۵	مسیِح کے وسیِلہ سے خُدا اپنی قوَم کا اچّھا چرواہا ہوگا اور ساری ضروریات پوری کریگا۔		یوحنا ۱۰:۹تا ۱۱
۲۶	زندگی کا پانی بھی مِلیگا یعنی خُدا کا روح۔		یوِح ۷:۳۷تا ۳۹؛ مُک ۷:۱۷
۲۷	وہ اُنکو نئے یروشلیِم کی طرف لے جائیگا۔		
۱۴	اِس کے جواب میں ساری دُنیا کو خُدا کی حمد کرنی چاہیے کیونکہ خُدا مسیِح کے وسیِلہ سے اپنی قوم پر رحم کریگا۔		رومیوں ۱۵:۱۰تا ۱۲
۲۸	سب سے بڑا اُستاد یعنی مسیِح خُدا کا ذاتی شاگِرد ہوگا۔	یسعیاہ ۵۰:۴تا ۱۱	یوحنا ۵:۱۹تا ۲۰؛ ۷:۱۶

۵	مسیح نبی بھی ہوتے ہوئے خُدا کے کلام کے ذریعہ سے کمزور لوگوں کی مدد کریگا۔		متی ۲۱:۱۱
۲۹	مسیح اپنے خُدا کے ساتھ ہر روز انوکھی رفاقت رکھیگا کیونکہ خُدا اُسکو بیدار کرتا ہے۔		مرقس ۱:۳۵
۳۰	مسیح بڑی مُصیبت میں بھی خُدا کا فرمانبردار ثابِت ہوگا۔		عبرانیوں ۵:۸
۳۱	مسیح کے دُشمن اُسکی پیٹھ پیٹیں گے		متی ۲۷:۲۶؛ مرقس ۱۵:۶۵
۳۲	اور اُسکی داڑھی نوچینگے		
۳۳	اور اُسکے مُیہ پر تُھوکینگے۔		متی ۲۶:۶۷؛ ۲۷:۳۰
۳۴	مسیح خُدا پر بھروسہ رکھتے ہوئے یہ دُکھ قبول کریگا۔		عبرانیوں ۲:۱۲
۳۵	مسیح کی اُمید ہوگی کہ خُدا اُسکو آخر میں راستباز ٹھہرائیگا		۱ پطراس ۲:۲۳
۳۶	اور اُسکے دُشمنوں کو مُجرم۔		
۳۷	مسیح کے شاگِرد خُدا کے لوگ ہیں اور بھی آخر میں ساری مُشکلات کے باوجُود کامیاب ہونگے۔	یسعیاہ ۵۲:۱۳ تا ۱۲:۵۳	متی ۱۹:۲۷ تا ۲۸
۳۸	لیکن مسیح کے دُشمان آخر میں ابدی عذاب میں رہیں گے اور اَیسے اپنے کاموں کا بدلہ پائینگے۔		۱ کُرنتھیوں ۱۶:۲۲
۲۲	مسیح کی سرفرازی انوکھی ہوگی۔		فِلپِّیوں ۲:۹ تا ۱۱
۳۴	مسیح بہت جِسمانی دُکھ اُٹھائیگا۔		
۲۱	جِس طرح مسیح بہت حقِیر جانا گیا ہے		فِلپِّیوں ۲:۷ تا ۸
۲۲	اُسی طرح اُسکی بادشاہی جلال بہت زیادہ بڑا ہوگا۔		فِلپِّیوں ۲:۹ تا ۱۱
۳۵	مسیح کاہِن ہوتے ہُوئے ساری قوموں کو پاک اور خُدا کے پاس لے جائیگا جو پہلے خُدا سے دور اور ناواقِف تھیں۔		عبرانیوں ۱:۴؛ روم ۱۵:۲۱
۳۴	مسیح بہت جِسمانی دُکھ اُٹھائیگا۔		
۲۱	مسیح بہت حقِیر جانا جائیگا۔		
۳۶	بہت کم لوگ اُسکو پہلے پہچانینگے، اُنکا نمبر نہ ہونے کے برابر ہوگا۔		۱ کُرنتھیوں ۲:۸
۳۷	مسیح اپنی جان اپنے لوگوں کے بدلے فِدیہ میں دیگا اور اُنکے گناہ اُٹھا لے جائیگا۔		مرقس ۱۰:۴۵
۳۸	اُنکی بیماریاں، کمزوریاں اور مَوت مسیح کی ہوگی تاکہ وہ شِفا اور زندگی اور سلامتی پائیں۔		متی ۸:۱۶ تا ۱۷
۳۷	مسیح خُدا کا برّہ ہے جو سبوں کا گُناہ اُٹھا لے جاتا ہے۔		یوحنا ۱:۲۹
۳۸	مسیح غلط فتویٰ کی وجہ سے قتل ہوگا۔		متی ۲۷:۱۸ تا ۲۵
۳۷	مسیح اپنی جان اپنے لوگوں کے بدلے فِدیہ میں دیگا اور اُنکے گناہ اُٹھا لے جائیگا۔		مرقس ۱۰:۴۵؛ متی ۱:۲۱
۳۹	دُشمن کا منصوبہ ہوگا کہ مسیح کی قبر شرِیروں کے درمیان ہو لیکن وہ اپنی مَوت میں		متی ۲۷:۵۷ تا ۵۸
۴۰	ایک دَولتمند کے ساتھ ہوگا کیونکہ اُسکے مُنہ میں ہر گز چھل نہ ہوگیا ہوگا۔		رومیوں ۳:۲۴ تا ۲۵
۳۷	مسیح کی جان گُناہ کی قُربانی کے لِئے گُذرانی جائیگی۔		مُکاشفہ ۱:۱۷ تا ۱۸
۴۱	مسیح پھر زندہ ہوگا اور ہمیشہ رہیگا۔		اِفِسیوں ۱:۹ تا ۱۰
۴۲	خُداوند کا ابدی منصوبہ مسیح کے ہاتھ کے وسِیلہ سے پُورا ہو گا۔		عبرانیوں ۱:۳ تا ۴ اور ۹
۲۰	مسیح اپنے اجر سے سیر ہو گا۔		
۴۳	صادِق مسیح اپنے ہی عِرفان سے بہتوں کو مفت راستباز ٹھہرائیگا کیونکہ وہ اُنکی بدکرداری خُود اُٹھا لیگا۔		رومیوں ۳:۲۱ تا ۴:۵
۴۴	مسیح خطاکاروں کے ساتھ شُمار کیا جائیگا۔		لوقا ۲۲:۳۷
۴۵	مسیح خطاکاروں کی شفاعت کریگا۔		لوقا ۲۳:۳۴